الاؤ جلانے کے اس موسم میں محفوظ طریقے سے جشن منائیں

الاؤ




ہمیشہ

- الاؤ کو عمارتوں اور آتش گیر مواد سے دور جلائیں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی ذمہ دار بالغ فرد الاؤ کی نگرانی کر رہا ہو۔
- پانی قریب اور آسانی سے دستیاب رکھیں۔
- مناسب فاصلے پر کھڑے رہیں اور بچوں اور پالتو جانوروں کو دور رکھیں۔

ہر گز نہ کریں

- خطرناک مواد نہ جلائیں۔
- الاؤ جلانے کے لیے آتش گیر مائعات استعمال نہ کریں۔
- الاؤ کے قریب آتش بازی نہ کریں۔
- بجھائے بغیر الاؤ کو نگرانی کے بغیر نہ چھوڑیں۔

آتش بازی اور پھلجھڑیاں



ہمیشہ

- صرف CE نشان والا آتش بازی کا سامان رجسٹرڈ دکانداروں سے خریدیں۔
- استعمال سے پہلے آتش بازی کے سامان یا پھلجھڑی پر دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں اور سمجھیں۔
- آتش بازی کا سامان محفوظ جگہ پر رکھیں۔
- پھلجھڑیاں پکڑتے وقت دستانے پہنیں۔
- مناسب فاصلے پر کھڑے رہیں اور بچوں اور پالتو جانوروں کو دور رکھیں۔

ہر گز نہ کریں

- جس آتش بازی کے سامان کو آگ لگا دی ہو، اس کے پاس دوبارہ نہ جائیں، چاہے وہ فوراً نہ پھٹے۔
- ایک وقت میں ایک سے زیادہ پٹاخوں کو آگ نہ لگائیں۔
- آتش بازی کا سامان نہ پھینکیں۔
- آتش بازی کا سامان اپنی جیب میں نہ رکھیں۔

ہنگامی صورتِ حال میں ہمیشہ 999 پر کال کریں

Partner Version - Bonfire Season Poster A3 - Urdu.indd 1 13/10/2026 13:40